الشرف الواضح
شرح اردو
النحو الواضح
ابتدائیہ
جلد دوم
www.kitabosunnat.com
مصنّف: علی الجارم و مصطفیٰ امین
مترجم: ابو حمزہ محمّد شریف
MAKTABA-E-REHMANIA

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

الشرف الواضح

شرح اردو

النحو الواضح

جلد ثانی

مصنف: علی الجارم و مصطفٰے امین

مترجم: ابو حمزہ محمد شریف

مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-37224228-37355743

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: ---------------- الشرف الواضح شرح اردو النحو الواضح

مصنف: ---------------- علی الجارم و مصطفیٰ امین

ناشر: ---------------- مکتبہ رحمانیہ

مطبع: ---------------- لعل سٹار پرنٹرز لاہور

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

فہرست

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَقْسِيْمُ الْفِعْلِ اِلٰى صَحِيْحِ الْآخِرِ وَ مُعْتَلِ الْآخِرِ

فعل کی صحیح اور معتل کے اعتبار سے تقسیم

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	اَلْقَى الصَّيَّادُ شَبَكَتَهٗ	شکاری نے اپنا جال پھینکا۔
(2)	دَعَا الْمَرِيْضُ الطَّبِيْبَ	بیمار نے ڈاکٹر بلایا۔
(۳)	يَلْقَى الْمُسِيْءُ جَزَاءَهٗ	بدکار اپنے کیے کی سزا پاتا ہے۔
(۴)	سَرُوَ الرَّجُلُ	آدمی سخی ہوا۔
(۵)	تَصْفُوْ السَّمَآءُ	آسمان صاف ہوگا۔
(۶)	يَدْنُوْ فَصْلُ الشِّتَآءِ	سردی کا موسم قریب ہوگا۔
(۷)	خَشِيَ مُحَمَّدٌ رَبَّهٗ	محمد اپنے رب سے ڈرا۔
(۸)	اَبْغِي رِضَا الْوَالِدَيْنِ	میں اپنے والد کی رضا چاہتا ہوں۔
(۹)	يَبْنِي الْبَنَّاءُ مَسْجِدًا	مستری مسجد بنا رہا ہے۔
(۱۰)	اَظْلَمَ الْمَكَانُ	مکان تاریک ہوا۔
(۱۱)	اِتَّقَدَ الْمِصْبَاحُ	چراغ روشن ہوا۔
(۱۲)	يَسْتَحِمُّ الْغِلْمَانُ	لڑکے غسل کرتے ہیں۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْكَلِمَاتُ: اَلْقَى وَدَعَا وَيَلْقِيْ فِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْاُوْلٰى كُلُّهَا اَفْعَالٌ، وَآخِرُ كُلٍّ مِّنْهَا اَلِفٌ لِاَنَّهٗ يُنْطَقُ بِهَا اَلِفًا وَالْمُعَوَّلُ عَلَيْهِ النُّطْقُ لَا الْكِتَابَةُ وَتُسَمّٰى هٰذِهِ الْاَفْعَالُ اَفْعَالًا مُعْتَلَّةَ الْآخِرِ۔

اَلْقٰى، دَعَا اور يلقٰى سب پہلی تین مثالوں میں مفعول نہیں اور ان میں ہر ایک

کے آخر میں الف ہے اس لئے ان کو الفی کہا جاتا ہے اور الف پڑھنے یا بولنے میں آتا ہے نہ کہ لکھنے میں اور ان افعال کا نام فعل معتل الاخر رکھا جاتا ہے۔

وَالْكَلِمَاتُ: سَرُوَ وَتَصْفُو وَيَدْنُو فِي الْأَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الثَّانِيَةِ كُلُّهَا أَفْعَالٌ وَآخِرُ كُلٍّ مِّنْهَا وَاوٌ وَتُسَمَّى أَيْضًا أَفْعَالًا مُعْتَلَّةَ الْآخِرِ۔

سرو، تصفو اور يدنو کے کلمات دوسری تین مثالوں میں سارے کے سارے افعال ہیں اور ان میں ہر ایک کے آخر میں واؤ ہے اور ان کا نام بھی معتل الاخر رکھا جاتا ہے۔

وَالْكَلِمَاتُ: خَشِيَ وَأَبْغِي وَيَبْنِي فِي الْأَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ كُلُّهَا أَفْعَالٌ، فَآخِرُ كُلٍّ مِنْهَا يَاءٌ وَتُسَمَّى كَذٰلِكَ أَفْعَالًا مُعْتَلَّةَ الْآخِرِ

اور خشی ابغی اور یبنی تیسری تین مثالوں میں سارے کے بارے افعال ہیں اور ان ہر ایک کے آخر میں یاء ہے۔ اسی وجہ سے ان کا نام معتل الآخر رکھا جاتا ہے۔

وَالْكَلِمَاتُ: اَظْلَمَ وَاتَّقَدَ وَيَسْتَحِمُّ فِي الْأَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْأَخِيْرَةِ كُلُّهَا أَفْعَالٌ، وَآخِرُ كُلٍّ مِّنْهَا لَيْسَ أَلِفًا وَلَا وَاوًا، وَلَا يَاءً، وَتُسَمَّى أَفْعَالًا صَحِيْحَةَ الْآخِرِ۔ (م)

اور اظلم، واتقد اور يستحم کے کلمات آخری تین مثالوں میں سب کے سب افعال ہیں۔ ان میں ہر ایک کے آخر میں، الف واؤ اور یاء نہیں ہے اسی وجہ سے ان کا نام صحیح الآخر رکھا جاتا ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

(۴۵) اَلْفِعْلُ الْمُعْتَلُّ الْآخِرُ هُوَ مَا كَانَ آخِرُهُ أَلِفًا أَوْ وَاوًا أَوْ يَاءً وَتُسَمَّى هٰذِهِ الْأَحْرُفُ الثَّلَاثَةُ بِأَحْرُفِ الْعِلَّةِ۔

فعل معتل الآخر وہ فعل ہے کہ جس کے آخر میں الف یا واؤ، یاء ہو ان تینوں حروف کا نام حروف علت رکھا جاتا ہے۔

(۲۶) اَلْفِعْلُ الْآخِرُ هُوَ مَالَمْ يَكُنْ آخِرُهُ حَرْفًا مِنْ اَحْرُفِ الْعِلَّةِ الثَّلَاثَةِ۔
فعل صحیح الاخر وہ فعل ہے کہ جس کے آخر میں تین حروفِ علت میں سے کوئی حرف علت نہ ہو۔

تمرينات (مشقیں)

التمرين ۱ (مشق نمبر ۱)

عَيِّنِ الْاَفْعَالَ الصَّحِيْحَةَ الْاَخِرَ وَالْمُعْتَلَّةَ الْاَخِرَ فِي الْعِبَارَةِ الْآتِيَةِ
آگے لائے جانے والی عبارت میں سے صحیح اور معتل کے افعال کا تعین جدول بنا کر کریں۔ فعل مضارع

خَرَجَ فَرِيْدٌ وَيَتَنَزَّهُ وَيُمَتِّعُ نَظْرَهُ، بِمُحَاسِنِ الطَّبِيْعَةِ۔ فَصَادِفُ جَدْوَلًا يَجْرِي مَاؤُهُ، فَيُرْوِي الزَّرْعَ وَيُلَطِّفُ الْهَوَاءَ وَلَقِيَ اَغْنَامًا تَرُوْحُ وَتَغْدُوْ آمِنَةً وَتَرْعَى الْكِلَاءَ وَتَشْرَبُ الْمَاءَ وَرَأَى اَشْجَارًا تَدْنُوْا اَثْمَارُهَا وَتَمِيْلُ بِاَغْصَانِهَا فَوَقَفَ عِنْدَهَا سَاعَةً حَتَّى اِذَا مَالَتِ الشَّمْسُ اِلَى الْغُرُوْبِ قَفَلَ رَاجِعًا۔
گزری ہوئی مثالوں کو پڑھئے اور ہر مثال میں کلمات کی تعداد بیان کیجئے۔

حل

افعال صحیح الاخر کا تعین	افعال معتل الاخر کا تعین
خرج، يتنزهُ، يمتع، صادف، يلطف، تروح، تشرب، تميل، وقف، حالت، قفل	يجرى، يروى، لقى، تغدو، ترعى، راى، تدنو

التمرين ۲ (مشق نمبر ۲)

أ- اِجْعَلْ كُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ فَاعِلًا لِفِعْلٍ مُعْتَلِ الْآخِرِ۔ اَلْمَاءُ، الذِّئْبُ۔ اَلْحِصَانُ، اَلرَّجُلُ، اَلطِّفْلُ، اَلْغَنَمُ۔
آنے والے اسماء میں سے ہر اسم کو فعل معتل الآخر کا فاعل بنائیے۔ پانی بھیڑیا، گھوڑا،

آدمی، بچہ، بکری۔

(۱) يَجْرِي الْمَاءُ فِي الْبَحْرِ (۲) رَأَى الذِّئْبُ الشَّاةَ

(۳) جَرَى الْحِصَانُ سَرِيْعًا (۴) رَمَى الرَّجُلُ حَجَرًا

(۵) بَكَى الطِّفْلُ لِفَقْدِ لُعْبَتِهِ (۶) رَعَى الْغَنَمُ فِي الْمَرَاعَاةِ

ب: اِجْعَلْ كُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ مَفْعُوْلاً بِهِ لِفِعْلٍ صَحِيْحِ الْآخِرِ۔ آنے والے ناموں میں سے ہر ایک اسم کو فعل صحیح الآخر کا مفعول بہ بنائیں۔

الطعام، الكرة، الْإِبْرِيْقُ، الْبَابُ، اَلثَّوْبُ، الْحِذاء۔

حل صحیح الاخر کے جملے

(۱) اَكَلْتُ الطَّعَامَ (۲) مَزَّقَ الرَّجُلُ الْكُرَّةَ

(۳) اَخَذْتُ الْإِبْرِيْقَ لِلْوُضُوْءِ (۴) اِفْتَحِ الْبَابَ

(۵) قَدْمَزَّقْتُ الْاَثْيَابَ الرَّدِيَةَ (۶) اِشْتَرَى الْوَلَدُ الْحِذَاءَ من السُّوْقِ۔

التمرين ۳ (مشق نمبر۳)

(۱) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يَبْتَدِئُ كُلٌّ مِنْهَا بِفِعْلٍ مَاضٍ مُعْتَلِ الاخِرِ بالالف۔
ایسے تین جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک فعل ماضی معتل الاخر الفی کے ساتھ شروع ہو رہا ہو۔

حل فعل ماضی معتل الاخرالفی کے جملے

(۱) دَعَا الرَّجُلُ وَلَدَهُ (۲) رَمَيْتُ حَجَرًا اِلَى الْكَلْبِ

(۳) اَلْقَى خَالِدٌ خَشَبَةً

(۲) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يَتَوَسَّطُ كُلاًّ مِنْهَا فِعْلٌ مَاضٍ مُعْتَلُ الْآخِرِ بِالْاَلِفِ۔
ایسے تین جملے بنائیے کہ فعل ماضی معتل الآخر الفی ہر جملے کے درمیان میں ہو۔

حل فعل ماضی معتل الاخرالفی کے جملے

(۱) مَنْ سَعٰى فِي عَمَلٍ صَالِحٍ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي سَعْيِهِ

(۲) إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ نَهٰى عَنِ الذُّنُوْبِ

(۳) مَنِ الَّذِيْ رَمَى السَّهْمَ الْأَوَّلَ فِي الْإِسْلَامِ

(۴) إِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يَتَوَسَّطُ كُلًّا مِّنْهَا فِعْلٌ مَاضٍ مُعْتَلُّ الْآخِرِ بِالْيَاءِ۔

ایسے تین جملے بتایئے کہ ہر ایک کے درمیان میں فعل ماضی معتل الآخر یائی ہو۔

حل فعل ماضی معتل الاخر یائی کے جملے

(۱) ذَالِكَ الرَّجُلُ رَضِيَ مِنْ صَدِيْقِهٖ

(۲) تِلْكَ الْبِنْتُ وَفَتْ عَهْدَهَا (۳) ذالك الْوَلَدُ خَشِيَ مِنْ رَبِّهٖ

التمرين ۴ (مشق نمبر ۴)

إِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يَبْتَدِئُ كُلٌّ مِنْهَا بِفِعْلٍ مُضَارِعٍ مُعْتَلِّ الْآخِرِ بِالْأَلِفِ

ایسے تین جملے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ فعل مضارع معتل الفی سے شروع ہو۔

حل فعل مضارع معتل الاخر الفی کے جملے

(۱) يَخْشَى الْوَلَدُ الصَّغِيْرُ مِنَ الْكَلْبِ

(۲) اَيَرْضَى الْمُؤْمِنُ الرَّبَّ بِالْعِبَادَةِ والرَّسُوْلَ بِالْإِطَاعَةِ وَالْمَخْلُوْقَ بِالْخِدْمَةِ

(۳) يَسْعَى الرَّجُلُ فِي التَّعْلِيْمِ لِيَنْجَحَ۔

(۴) إِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يُتَوَسَّطُ كُلًّا مِنْهَا بِفِعْلٍ مُضَارِعٍ مُعْتَلِّ الْآخِرِ بِالْوَاوِ

ایسے تین جملے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ ایسے فعل مضارع سے شروع ہو جو کہ معتل الآخر واوی ہو۔

حل فعل مضارع معتل الآخر واوی کے جملے

(۱) يَدْعُوْ كُلُّ مُؤْمِنٍ رَبَّهٗ فِي وَقْتِ الْمُصِيْبَةِ

(۲) لَا يَعْفُوْ الرَّجُلُ لِقَاتِلِ ابْنِهٖ

(۳) يَرْضَى الْإِنْسَانُ الْقَانِعُ عَلٰى عَطَاءِ رَبِّهٖ

(۳) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يَبْتَدِئُ كُلٌّ مِّنْهَا بِفِعْلٍ مُضَارِعٍ مُعْتَلِ الْآخِرِ بِالْيَاءِ
ایسے تین جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ فعل مضارع معتل الآخر یائی سے شروع ہو۔

حل فعل مضارع معتل الآخر یائی کے جملے

(۱) يَرٰى خَالِدٌ اُسْتَاذَهٗ فِي الْمَسْجِدِ
(۲) يَمْشِي الْمُسْلِمُ اِلَى الْمَسْجِدِ لِلصَّلٰوةِ
(۳) تَبْقَى الصَّدَقَةُ وَتَفْنِي السَّرِقَةُ

التمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

(۱) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ يَبْتَدِئُ كُلٌّ مِّنْهَا بِفِعْلٍ مَاضٍ صَحِيْحِ الْاٰخِرِ
تین جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ فعل ماضی صحیح الاخر سے شروع ہو۔

حل فعل ماضی صحیح الاخر کے جملے:

(۱) جَلَسَ زَيْدٌ اَمَامَ الْاَمِيْرِ (۲) كَتَبَ حَامِدٌ رِسَالَةً اِلٰى اَبِيْهِ
(۳) نَظَرَ مَحْمُوْدٌ اِلَى الْكَعْبَةِ

اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ اَمْرٌ، صَحِيْحُ الْآخِرِ
تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملے میں فعل امر صحیح الآخر ہو۔

حل فعل امر صحیح الآخر کے جملے

(۱) اِفْتَحِ الْبَابَ لِدُخُوْلِ الْاُسْتَاذِ (۲) اِكْسِبْ كَسْبًا حَلَالًا
(۳) اِضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ

(۳) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِي كُلِّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَرْفُوْعٌ صَحِيْحُ الْآخِرِ
تین ایسے جملے بنائیے کہ ان جملوں میں سے ہر ایک جملہ فعل مضارع مرفوع صحیح الآخر ہو۔

حل فعل مضارع مرفوع الآخر کے جملے:

(۱) اَشْرِبُ لَبَنًا خَالِصًا فِي الصَّبَاحِ

(۲) يَذْهَبُ الرَّجُلُ اِلٰى بَيْتِهٖ

(۳) يُدَرِّسُ الاَمَامُ فِى الْمَسْجِدِ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ

(۴) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِى كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَنْصُوْبٌ صَحِيْحُ الْآخِرِ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملے میں فعل مضارع منصوب صحیح الآخر ہو۔

حل فعل مضارع منصوب صحیح الآخر کے جملے

(۱) لَنْ يَنْجَحَ الْكَسْلَانُ فِى الْحَيَاةِ

(۲) لَنْ يَفْتَحَ الْحَارِسُ الْبَابَ فِى نِصْفِ اللَّيْلِ

(۳) لَنْ يَغْلِقَ فِى اَوْقَاتِ الصَّلَاةِ الْمُؤَذِّنُ اَبْوَابَ الْمَسْجِدِ

(۵) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِى كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَجْزُوْمٌ صَحِيْحُ الآخِرِ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر جملے میں فعل مضارع مجزوم صحیح الآخر ہو

حل فعل مضارع مجزوم صحیح الآخر کے جملے

(۱) وَلَمْ يَمْسَسْنِىْ بَشَرٌ (۲) لَا تَفْتَحِ الْبَابَ لِلسَّارِقِ

(۳) لَمْ يَذْهَبْ زَيْدٌ اِلٰى بَيْتِهٖ فِى اللَّيْلِ

التمرين ٦ (مشق نمبر ٦)

ضَعْ مُضَارِعَ كُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ فِى جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ و بَيِّنْ اَهُوَ مُعْتَلُ الآخِرِ اَمْ بِالْوَاوِ اَمْ بِالْيَاءِ

آنے والے افعال سے ہر ایک کا فعل مضارع جملہ مفیدہ میں استعمال کریں اور یہ بات بھی بیان کریں کہ وہ معتل الآخر بالالف ہے یا واو، یا ے۔

دَعَا، صَفَا، رَضِيَ، سَمَى هَدَى، سَقَى، عَمِيَ

حل فعل ماضی کے صیغوں کا فعل مضارع جملہ مفیدہ میں استعمال

دَعَا سے يَدْعُ كُلُّ مُسْلِمٍ رَبَّهٗ فِى اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ خَمْسَ مَرَّاتٍ — معتل الآخر واوَ

صَفَا سے يَصْفُو (يَصْفُ) الْجَوُّ بِالْمَطَرِ — معتل الاخر بالواوَ

رَضِيَ سے يَرْضَى اللّٰهُ بِالْمُؤْمِنِيْنَ بِعِبَادِهٖ	معتل الآخر بالالف
سَعَى سے يَسْعَى الْحَاجُّ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ	معتل الآخر بالالف
هَدَى سے يَهْدِيْ اللّٰهُ النَّاسَ إِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ	معتل الآخر بالياء
سَقَى سے يَسْقِيْ الْفَلَّاحُ زَرْعَهٗ	معتل الآخر بالياء
عَمِيَ سے يَعْمَى الْإِنْسَانُ فِي الشَّبَابِ	معتل الآخر بالياء

التمرين ۷ (مشق نمبر ۷)

ضَعْ مَاضِ كُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْأَفْعَالِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ وَبَيِّنْ أَهُوَ مُعْتَلُّ الْآخِرِ بِالْأَلِفِ أَمْ بِالْيَاءِ

کرنے والے افعال میں سے ہر ایک کا فعل ماضی جملہ مفیدہ میں استعمال کریں اور بیان کریں کہ وہ معتل الآخر الف ہے یا یاء ہے۔

يَقْضِي، يَبْقَى، يَسْهُوْ، يُنَادِيْ، يَرْتَقِي، يَفْنَى

حل فعل ماضی معتل الآخر کے جملے

يَقْضِي سے قَضَى الْقَاضِي أَمَامَ الْمُجْرِمِ	معتل الآخر بالالف
يَبْقَى سے بَقِيَ الرِّبْحُ وَخَتَمَ الرِّبٰوَ	معتل الآخر بالالف
يَسْهُوْ سے سَهَى الطَّالِبُ وَأَصْلَحَ الْمُعَلِّمُ	معتل الآخر بالالف
يُنَادِيْ سے نَادَى الْوَلَدُ أَبَاهُ	معتل الآخر بالالف
يَرْتَقِي سے اِرْتَقَى الرَّجُلُ سَقْفَ الْحُجْرَةِ	معتل الآخر بالیاء
يَفْنَى سے فَنِيَ فِرْعَوْنُ وَهَامَانُ بِكُفْرِهِمْ	معتل الآخر بالیاء

○○○

اَلْمَبْنِیُ وَ الْمُعْرَبُ

(مبنی اور معرب کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	اَیْنَ مَنْزِلُكَ؟	تیرا گھر کہاں ہے؟
(۲)	اَیْنَ تَذْهَبُ؟	تو کہاں جاتا ہے؟
(۳)	اِلٰی اَیْنَ تَسِیْرُ؟	تو کس طرف جائے گا؟
(۴)	ذَبَحَ الْجَزَّارُ شَاةً	قصاب نے بکری ذبح کی۔
(۵)	اَلْجَزَّارُ ذَبَحَ شَاةً	قصاب نے بکری ذبح کی۔
(۶)	هَلْ ذَبَحَ الْجَزَّارُ شَاةً؟	کیا قصاب نے بکری ذبح کی۔
(۷)	مِنْ اَیِّ مَكَانٍ جِئْتَ؟	تو کس جگہ سے آیا ہے؟
(۸)	جِئْتُ مِنْ مَنْزِلِیْ	میں اپنے گھر (رہائش گاہ) سے آیا ہوں۔
(۹)	اَخَذْتُ مِنْ اَبِیْ نُقُوْدًا	میں نے اپنے باپ سے نقدی لی۔
(۱۰)	اَلْقُطْنُ عِمَادُ الثَّرْوَةِ فِیْ مِصْرَ	مصر میں روئی دولت کا ستون ہے۔
(۱۱)	جَنَی الْفَلَّاحُ الْقُطْنَ	کاشتکار نے کپاس چنی۔
(۱۲)	تُصْنَعُ الْمَلَابِسُ مِنَ الْقُطْنِ	لباس روئی سے بنائے جاتے ہیں۔
(۱۳)	ذَبُلَتِ الْوَرْدَةُ	گلاب کا پھول مرجھایا۔
(۱۴)	شَمِمْتُ الْوَرْدَةَ	میں نے گلاب کا پھول سونگھا۔
(۱۵)	نَظَرْتُ اِلَی الْوَرْدَةِ	میں نے گلاب کے پھول کی طرف دیکھا۔
(۱۶)	یُثْمِرُ الْبُسْتَانُ	باغ پھل دیتا ہے۔
(۱۷)	لَنْ یُثْمِرَ الْبُسْتَانُ	باغ ہرگز پھل نہیں دے گا۔
(۱۸)	اَلْبُسْتَانُ لَمْ یُثْمِرْ	باغ نے پھل نہ دیا۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اِذَا تَأَمَّلْتَ الْكَلِمَاتِ اَيْنَ وَذَبَحَ وَمِنْ فِي اَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الْاَوَّلِ وَجَدْتَ آخِرَ كُلِّ كَلِمَةٍ مِنْهَا ثَابِتًا عَلٰى حَالٍ وَاحِدَةٍ لَا يَتَغَيَّرُ مَهْمَا تَغَيَّرَ مَكَانُ الْكَلِمَةِ مِنَ الْجُمْلَةِ فَآخِرُ كُلٍّ مِنَ الْكَلِمَتَيْنِ اَيْنَ وَذَبَحَ مُلَازِمٌ لِلْفَتْحِ فِي الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ وَفِي غَيْرِهَا، وَآخِرُ "مِنْ" مُلَازِمٌ لِلسُّكُوْنِ فِي الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ، وَفِي غَيْرِهَا كَذٰلِكَ

جب تو غور کرتا ہے پہلی قسم کی مثالوں میں این، ذبح اور من کے کلمات میں ان میں سے ہر کلمے کو ایک ہی حال پر قائم پاتا ہے وہ اس وقت تک تبدیل نہیں ہوتا کہ جب تک جملے میں کلمہ کی جگہ تبدیل ہو۔ پس اَيْنَ اور ذَبَحَ دونوں کلموں میں ہر کلمہ کا آخر گزشتہ مثالوں اور ان کے علاوہ میں فتحہ کو لازم پکڑنے والا ہے اور مِنْ کا آخر گزشتہ مثالوں اور ان کے غیر میں اس طرح سکون کو لازم پکڑنے والا ہے۔

وَمِنَ الْكَلِمَاتِ الَّتِي تَثْبُتُ اَوَاخِرُهَا عَلٰى حَالٍ وَاحِدَةٍ جَمِيْعُ الْحُرُوْفِ وَكَذٰلِكَ الْاَفْعَالُ الْمَاضِيَةُ وَاَفْعَالُ الْاَمْرِ مِنْ غَيْرِ اِسْتِثْنَاءٍ

اور بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان میں تمام حروف کا آخر ایک حال پر قائم ہے اور اسی طرح ماضی کے افعال اور امر کے افعال شامل ہیں۔

وَاِذَا تَأَمَّلْتَ الْكَلِمَاتِ: اَلْقُطْنَ وَالْوَرْدَةَ وَيُثْمِرُ فِي اَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الثَّانِي وَجَدْتَ آخِرَ كُلِّ كَلِمَةٍ مِنْهَا يَتَغَيَّرُ مِنْ حَالٍ اِلٰى حَالٍ بِتَغَيُّرِ مَكَانِهَا مِنَ الْجُمْلَةِ، فَكَلِمَتَا الْقُطْنِ وَالْوَرْدَةِ قَدْ تَغَيَّرَ آخِرُ كُلٍّ مِنْهُمَا فِي الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ مِنَ الرَّفْعِ اِلَى النَّصْبِ ثُمَّ اِلَى الْجَرِّ وَكَلِمَةُ يُثْمِرُ تَغَيَّرَ آخِرُهَا فِي الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ اَيْضًا مِنَ الرَّفْعِ اِلَى النَّصْبِ ثُمَّ اِلَى الْجَزْمِ

اور جب تو دوسری قسم کی مثالوں میں القطن الوردة اور یثمر کے کلمات میں

غور کرتا ہے تو ان میں سے ہر ایک کے آخر میں ایک حال سے دوسرے حال کی جملہ میں ایک جگہ سے دوسری جگہ بدل جانے کی وجہ سے تبدیل پا تا ہے۔
پس القطن، الوَردة دونوں کلموں کا آخر گزشتہ مثالوں میں تبدیل ہو چکا ہے رفع سے نصب کی طرف اور پھر جر کی طرف اور آنے والی مثالوں میں بھی یُثْمِرُ کے کلمہ کا آخر رفع سے اور پھر جزم کی طرف تبدیل ہوگیا ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

(۲۷) اَلْكَلِمَاتُ تَنْقَسِمُ قِسْمَيْنِ مَايَثْبُتُ آخِرُهُ عَلٰی حَالٍ وَاحِدَةٍ فِي جَمِيْعِ تَرَاكِيْبَ، وَيُسَمَّى مَبْنِيًّا وَمَا يَتَغَيَّرُ آخِرُهُ وَيُسَمَّى مُعْرَبًا۔
کلمات دو قسموں کی طرف تقسیم ہوتے ہیں ایک قسم وہ ہے کہ جس کا آخر تمام ترکیبوں میں ایک حال پر رہتا ہے اس کا نام مبنی رکھا جاتا ہے اور دوسری قسم وہ ہے کہ جس کا آخر تبدیل نہیں ہوتا اس کا نام معرب رکھا جاتا ہے۔

(۲۸) اَلْحُرُوْفُ كُلُّهَا مَبْنِيَّةٌ وَكَذٰلِكَ جَمِيْعُ الْاَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ وَجَمِيْعُ اَفْعَالِ الْاَمْرِ
تمام کے تمام حروف مبنی ہیں اور اسی طرح فعل ماضی کے تمام افعال اور فعل امر کے تمام افعال بھی مبنی ہیں۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ۱ (مشق نمبرا)

لِمَاذَا كَانَتْ كَلِمَةُ (الدَّرَّاجَة) فِي الْجُمَلِ الْآتِيَةِ مُعْرَبَةً وَكَلِمَةُ "وَمَنْ: مَبْنِيَّةً؟
کلمہ الدراجہ (سائیکل) آنے والے جملوں میں کس وجہ سے معرب ہے اور کلمہ مِنْ کس وجہ سے مبنی ہے۔

(۱) اَلدَّرَّاجَةُ مُسْرِعَةٌ سائیکل تیز چلتی ہے۔

(۲)	رَكِبَ عَلِيٌّ الدَّرَّاجَةَ	علی سائیکل پر سوار ہوا۔
(۳)	فَرِحَ الْوَلَدُ بِالدَّرَّاجَةِ	لڑکا سائیکل سے خوش ہوا۔
(۴)	جَاءَ مَنْ نَادَيْتُهُ	وہ شخص آیا جس کو میں نے آواز دی۔
(۵)	أُحِبُّ مَنْ يُعَلِّمُنِي	میں اس سے محبت کرتا جو میں تعلیم دیتا ہے
(۶)	اَلْجَائِزَةُ لِمَنْ يَسْبِقُ	انعام اس کیلئے ہے جو جیتے گا۔

الجواب: مندرجہ بالا مثالوں میں الدراجہ کا لفظ مرفوع، منصوب اور مجرور تینوں حالتوں میں اپنے عامل کے بدلنے کی وجہ سے مختلف ہے۔ پہلی مثال میں اس وجہ سے مرفوع ہے اس کا عامل ابتداء ہے جو کہ مبتداء کو رفع دیتا ہے۔ دوسری مثال میں الدراجة منصوب ہے کیونکہ اس کا عامل رَكِبَ فعل ماضی ہے اور فعل اپنے مفعول کو نصب دیتا ہے، تو اس لئے الدراجة دوسری مثال میں مفعول یہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

تیسری مثال میں الدَّرَّاجة مجرور ہے شروع عامل حرف جار کے داخل ہونے کی وجہ سے کیونکہ حرف جار اپنے مابعد اسم کو جر دیتا ہے۔

باقی لفظ "مَنْ" تینوں جملوں ایک ہی حالت پر قائم ہے اس کا آخر تینوں جگہوں میں عامل کے بدلنے کے باوجود نہیں بدلا اس وجہ سے کہ یہ مبنی ہے اور مبنیات کی تین قسموں میں سے اس کا تعلق حروف کے ساتھ یعنی یہ مَنْ مشابہ مبنی الاصل ہے۔

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

كَيْفَ تَسْتَدِلُّ بِطَرِيقَةٍ عَمَلِيَّةٍ عَلٰى اَنَّ الْكَلِمَاتِ الْاٰتِيَةَ مُعْرَبَةٌ

آپ کیسے دلیل سے ثابت کریں گے کہ اس والے کلمات معرب ہیں۔

السَّمَآءُ، الْمِصْبَاحُ، اَلْقَلَمُ، يَكْتُبُ، يَزْرَعُ، يَفْهَمُ

حل: ہم تمرین میں دیئے گئے کلمات کو جملوں میں استعمال کر کے دیکھیں گے کہ عامل کے مطابق ان کا آخر اعراب کے اعتبار سے تبدیل ہوتا ہے یا نہیں تو پھر اسی سے استدلال کریں گے کہ فلاں کلمہ معرب ہے۔

الفاظ کا جملوں میں استعمال

(۱)	اَلسَّمَاءُ فَوْقَنَا	(۲)	رَأَیْتُ السَّمَاءَ
(۳)	یَنْزِلُ الْمَطَرُمِنَ السَّمَاءِ	(۴)	اَلْمِصْبَاحُ مُتَّقِدٌ
(۵)	اِشْتَرَیْتُ الْمِصْبَاحَ	(۶)	اَلْغُرْفَةُ مُنَوَّرٌ بِالْمِصْبَاحِ
(۷)	اَلْقَلَمُ رَخِیْصٌ	(۸)	اَعْطَیْتُ زَیْدًا قَلَمًا
(۹)	کَتَبْتُ بِالْقَلَمِ	(۱۰)	یَکْتِفُ خَالِدٌ
(۱۱)	لَنْ یَکْتُبَ عَمْرٌو	(۱۲)	لَمْ یَکْتُبْ حَمْزَةُ
(۱۳)	یَزْرَعُ الْفَلَاحُ الْقُطْنَ	(۱۴)	لَنْ یَزْرَعَ الْحَارِثُ الْقُمْحَ
(۱۵)	لَمْ یَزْرَعْ خَالِدٌ زَرْعًا	(۱۶)	یَفْهَمُ خَالِدٌ
(۱۷)	لَنْ یَفْهَمَ الصَّبِیُّ	(۱۸)	لَمْ یَفْهَمْ غَبِیٌّ

کلمات کے معرب ہونے کا استدلال:

تمرین میں دیئے گئے کلمات السماء، المصباح، القلم، یکتب، یزرع، یفھم میں سے ہرایک کو جب ہم نے تین تین جملوں میں استعمال کیا یعنی مرفوع، منصوب اور مجرور، مجزوم کے مقام میں غور کیا تو ہمیں معلوم ہوا ان تمام کلمات السماء، المصباح، القلم جو کہ اسم تھے۔ ان کے آخر میں اپنے عامل کے مطابق رفع، نصب اور جر ظاہر ہوگیا۔ تو ہمارے پاس ان کے معرب ہونے کی دلیل حاصل ہوگئی۔ جبکہ یکتب، یزرع اور یَفْهَمُ جو کہ افعال میں سے فعل مضارع کے صیغے ہیں۔ جب ان کے شروع میں عامل رافع، ناصب اور جازم کو داخل کیا تو ان میں سے بھی ہر ایک کا آخر عامل کے مطابق بدل گیا تو ہمارے پاس ان افعال کے معرب ہونے کی دلیل قائم ہوگئی کہ یہ معرب ہیں۔

التمرین ۳ (مشق نمبر۳)

کَیْفَ تَسْتَدِلُّ بِطَرِیْقَةٍ عَلیٰ اَنَّ الْکَلِمَاتِ الْاٰتِیَةَ مَبْنِیَّةٌ؟

آپ کیسے استدلال کریں گے یہ آنے والے کلمات کس وجہ سے مبنی ہیں۔

کیف، عَنْ، لَعَلَّ، کَتَبَ، اِنْتَصَرَ، اِفْتَحْ

(۱) کَیْفَ حَالُكَ ، نَصَرْتُ کَیْفَ لِاَنَّهٗ مِسْکِیْنٌ
قُلْتُ لِخَالِدٍ عَنْ کَیْفَ۔

(۲) جَاءَنِی عَنْ، رَأَیْتُ عَنْ، مَرَرْتُ بِعَنْ

(۳) لَعَلَّ زَیْدًا صَالِحٌ، جَاءَنِی لَعَلَّ، رَاَیْتُ لَعَلَّ، مَرَرْتُ بِلَعَلَّ

(۴) ذَهَبَ کَتَبَ، رَأَیْتُ کَتَبَ، مَرَرْتُ بِکَتَبَ

(۵) اِنْتَصَرَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ هِمْ، اِنْتَصَرَ لِلْمُسْلِمِیْنَ، سَمَّیْتُهٗ بِاِنْتَصَرَ

(۶) اِفْتَحِ الْبَابَ یَا حَفِیْظُ، اِنْتَصَرَ اِفْتَحْ، اَمَرَ الْاُسْتَاذُ بِاِفْتَحِ الْبَابَ

کلمات کے مبنی ہونے کا استدلال

یہ ہے کہ ہم نے دیئے گئے کلمات کیف، عن، لعل، کتب، انتصر اور افتح میں سے پہلے تین یعنی کیف، عن اور لَعَلَّ میں سے ہر ایک کو تین تین طرح سے جملوں میں استعمال کیا اور ہر جملہ میں ان کے عامل کو تبدیل کیا شاید کہ ان کا آخر باعتبار عامل کے اعراب کے بدل جائے۔ لیکن ان تینوں میں سے کسی ایک کا بھی آخر تبدیل نہیں ہوا بلکہ ایک ہی حال پر رہا اور اعراب کو قبول نہیں کیا تو اس سے معلوم ہوا کہ یہ مبنی ہیں۔ عن اور لعل یہ حروف ہیں جبکہ کیف اسمائے ظروف سے ہے جو کہ مشابہ مبنی الاصل ہے۔

اسی طرح ہم نے کَتَبَ، اِنْتَصَرَ اور افتح تینوں فعل ہیں۔ ان کا بھی عامل تبدیل کر کے دیکھا مگر ان کا آخر تبدیل نہیں ہوا۔ کیونکہ کَتَبَ اور اِنْتَصَرَ ماضی ہونے کی وجہ سے مبنی ہیں اور اِفْتَحْ امر ہونے کی وجہ سے مبنی ہے۔

○○○

ارادہ رکھتے ہیں کہ جو مبنیات کے آخر کو لازم ہوتے ہیں۔ پس ہم کہتے ہیں کہ

اَلْکَلِمَاتُ۔ کَمْ ، وَاعْتَدَلَ، وَحَيْثُ وَاَمْسِ فِي الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ كُلُّهَا مَبْنِيَّةٌ لِاَنَّ اَوَاخِرَهَا تُلَازِمُ اَحْوَالاً لَا تَتَغَيَّرُ مَهْمَا تَغَيَّرَتِ التَّرَاكِيْبُ۔ فَآخِرُ "كَمْ" يُلَازِمُ السُّكُوْنَ وَمِنْ اَجْلِ ذَالِكَ يُقَالُ اِنَّهَا مَبْنِيَّةٌ عَلَى السُّكُوْنِ، وآخِرُ "اِعْتَدَلَ" يُلَازِمُ الْفَتْحَ" وَمِنْ اَجْلِ ذَلِكَ يُقَالُ اِنَّهَا مَبْنِيَّةٌ عَلَى الْفَتْحِ وَآخِرُ "حَيْثُ" يُلَازِمُ الضَّمَ وَمِنْ اَجْلِ ذَالِكَ يُقَالُ اِنَّهَا مَبْنِيَّةٌ عَلَى الضَّمِ۔ وَآخِرُ "اَمْسِ" يُلَازِمُ الْكَسْرُ، وَمِنْ ذَلِكَ يُقَالُ اِنَّهَا مَبْنِيَّةٌ على الْكَسْر

کم، اعتدل، حیث اس تمام کلمات گزشتہ مثالوں تمام کے تمام مبنی ہیں۔ اس لئے ان کے آخر ایک ہی حال کو لازمی پکڑے ہوئے ہیں جب تک تراکیب تبدیل نہ ہوں۔ پس کَمْ کا آخر سکون کو لازم پکڑے ہوئے ہے اسی وجہ سے اس کو مبنی علی السکون کہا جائے گا۔ اور اعتدل کا آخر فتح کو لازم پکڑے ہوئے ہے تو اسی وجہ سے اس کو مبنی علی الفتح کہا جائے گا۔ اور حیث کا آخر ضمہ کو لازم پکڑے ہوئے ہے اسی وجہ سے اس کو مبنی علی الضم کہا جائے گا اور اَمْسِ کا آخر کسرہ کو لازم پکڑے ہوئے ہے اسی وجہ سے اس کو مبنی علی الکسر کہا جائے گا۔

وَاِذَا بَحَثْنَا فِي اَوَاخِرِ الْكَلِمَاتِ الْمَبْنِيَةِ لَمْ نَجِدْ حَالاً اُخْرىٰ غَيْرَ هَذِهِ الْحَالَاتِ الْاَرْبَعِ۔

جب ہم ان کلمات کے بارے میں تحقیق کرتے کہ جو مبنی ہیں ہم ان چار حالتوں کے علاوہ کو دوسری حالت نہیں پاتے۔

وَلَيْسَتْ هُنَاكَ قَوَاعِدَ خَاصَّةً تُعْرِفُ بِهَا اَحْوَالُ اَوَاخِرِ الْكَلِمَاتِ الْمَبْنِيَةِ، اِنَّمَا الْمَدَارُ فِي ذَلِكَ عَلَى النَّقْلِ مِنْ كُتُبِ اللُّغَةِ الْمَوْثُوْقِ بِهَا۔

اور وہاں کوئی خاص قاعدہ نہیں ہے کہ مبنی کلمات کے آخر کے حالات پہچان لیا

ارادہ رکھتے ہیں کہ جو مبنیات کے آخر کو لازم ہوتے ہیں۔ پس ہم کہتے ہیں کہ

اَلْكَلِمَاتُ۔ كَمْ ، وَاعْتَدَلَ، وَحَيْثُ وَاَمْسِ فِي الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ كُلُّهَا مَبْنِيَّةٌ لِاَنَّ اَوَاخِرَهَا تُلَازِمُ اَحْوَالاً لَا تَتَغَيَّرُ مَهْمَا تَغَيَّرَتِ التَّرَاكِيْبُ۔ فَآخِرُ "كَمْ" يُلَازِمُ السُّكُوْنَ وَمِنْ اَجَلِ ذَالِكَ يُقَالُ اِنَّهَا مَبْنِيَّةٌ عَلَى السُّكُوْنِ، وآخِرُ "اِعْتَدَلَ" يُلَازِمُ الْفَتْحَ" وَمِنْ اَجَلِ ذَلِكَ يُقَالُ اِنَّهَا مَبْنِيَّةٌ عَلَى الْفَتْحِ وَآخِرُ "حَيْثُ" يُلَازِمُ الضَّمَّ وَمِنْ اَجَلِ ذَالِكَ يُقَالُ اِنَّهَا مَبْنِيَّةٌ عَلَى الضَّمِّ۔ وَآخِرُ "اَمْسِ، يُلَازِمُ الْكَسْرُ، وَمِنْ ذَلِكَ يُقَالُ اِنَّهَا مَبْنِيَّةٌ على الْكَسْر

کم، اعتدل، حیث اس تمام کلمات گزشتہ مثالوں تمام کے تمام مبنی ہیں۔ اس لئے ان کے آخر ایک ہی حال کو لازمی پکڑے ہوئے ہیں جب تک تراکیب تبدیل نہ ہوں۔ پس کَمْ کا آخر سکون کو لازم پکڑے ہوئے ہے اسی وجہ سے اس کو مبنی علی السکون کہا جائے گا۔ اور اعتدل کا آخر فتح کو لازم پکڑے ہوئے ہے تو اسی وجہ سے اس کو مبنی علی الفتح کہا جائے گا۔ اور حیث کا آخر ضمہ کو لازم پکڑے ہوئے ہے اسی وجہ سے اس کو مبنی علی الضم کہا جائے گا اور اَمْسِ کا آخر کسرہ کو لازم پکڑے ہوئے ہے اسی وجہ سے اس کو مبنی علی الکسر کہا جائے گا۔

وَاِذَا بَحَثْنَا فِي اَوَاخِرِ الْكَلِمَاتِ الْمَبْنِيَةِ لَمْ نَجِدْ حَالاً اُخْرىٰ غَيْرَ هَذِهِ الْحَالَاتِ الْاَرْبَعِ۔

جب ہم ان کلمات کے بارے میں تحقیق کرتے کہ جو مبنی ہیں ہم ان چار حالتوں کے علاوہ کو دوسری حالت نہیں پاتے۔

وَلَيْسَتْ هُنَاكَ قَوَاعِدَ خَاصَّةً تُعْرَفُ بِهَا اَحْوَالُ اَوَاخِرِ الْكَلِمَاتِ الْمَبْنِيَةِ، اِنَّمَا الْمَدَارُ فِي ذَلِكَ عَلَى النَّقْلِ مِنْ كُتُبِ اللُّغَةِ الْمَوْثُوْقِ بِهَا۔

اور وہاں کوئی خاص قاعدہ نہیں ہے کہ مبنی کلمات کے آخر کے حالات پہچان لیا

جائے۔ پس اس کا مدار ووثوق کے ساتھ لغت کی کتابوں میں موجود نقل پر ہے کیونکہ اہل عرب (اہل لغت) سے اسی طرح ہی منقول ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

(۲۹) اَلْاَحْوَالُ الَّتِی تُلَازِمُ اَوَاخِرَ الْکَلِمَاتِ الْمَبْنِیَّةِ اَرْبَعٌ وَهِیَ اَلسُّکُوْنُ، وَالْفَتْحُ، وَالضَّمُّ وَالْکَسْرُ وَتُسَمّٰی اَنْوَاعُ الْبِنَاءِ۔

وہ احوال جو کہ کلمات مبنیہ کے آخر کو لازم ہیں وہ چار ہیں اور وہ سکون، فتحہ، ضمہ اور کسرہ ہیں اور نام رکھا جاتا ہے مبنی کی اقسام۔

(۳۰) اَلْکَلِمَاتُ الَّتِیْ یَلَازِمُ اَوَاخِرَهَا السُّکُوْنُ اَوِ الْفَتْحُ اَوِ الضَّمُّ اَوِ الْکَسْرُ یُقَالُ اِنَّهَا مَبْنِیَّةٌ عَلَى السُّکُوْنِ اَوِ الْفَتْحِ اَوِ الضَّمِّ اَوِ الْکَسْرِ۔

وہ کلمات کہ جن کا آخر سکون، فتحہ، یا ضمہ یا کسرہ کو لازم پکڑتا ہے ان کو مبنی علی السکون یا مبنی علی الفتحہ یا مبنی علی الضم یا مبنی علی الکسر کہا جاتا ہے۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ۱ (مشق نمبر ۱)

عَیِّنْ فِی الْجُمَلِ الْآتِیَةِ الْکَلِمَاتِ الْمَبْنِیَّةَ عَلَى السُّکُوْنِ، وَالْمَبْنِیَّةِ عَلَى الْفَتْحِ وَالْمَبْنِیَّةِ عَلَى الْکَسْرِ

آنے والے جملوں میں کلمات مبنیہ کی مبنی علی السکون، مبنی علی الفتحہ علی الضم اور مبنی علی الکسر کے اعتبار سے تعین کریں۔

(۱) لَا یَسْتَطِیْعُ الْاِنْسَانُ اَنْ یَعِیْشَ مُنْفَرِدًا

(۲) اِسْتَرَاحَ الْمَرِیْضُ وَنَامَ نَوْمًا هَادِئًا

(۳) اِذَا زَارَ اِنْسَانٌ مَرِیْضًا وَجَبَ اَنْ یَجْعَلَ الزِّیَارَةَ قَصِیْرَةً

(۴) نَحْنُ نُحِبُّ الْوَطَنَ، وَنَعْمَلُ عَلَى رَفْعِ شَانِ الْبِلَادِ

حل: کلماتِ مبنیہ کی تعیین

مبنی علی السکون: لَا، اِذَا، اَنْ، عَلٰی

مبنی برفتحہ: اِسْتَرَاحَ، نَامَ، نَارَ، وَجَبَ

مبنی برضمہ: نَحْنُ

مبنی پرکسرہ: اَمْسِ

التمرین ۲ (مشق نمبر۲)

ضَعْ كُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ فِي جُمَلٍ ثَلَاثٍ بِحَيْثُ يَكُوْنُ فَاعِلًا فِي الْاُوْلٰى وَمَفْعُوْلًا بِهٖ فِي الثَّانِيَةِ مَسْبُوْقًا بِحَرْفِ جَرٍّ فِي الثَّانِيَةِ مَنْ، الَّذِيْ، هٰذَا، هٰؤُلَاءِ

آنے والے اسماء میں سے ہر ایک اسم کو تین جملوں میں اس حیثیت سے رکھیں پہلے جملے میں فاعل دوسرے جملے میں مفعول بہ اور تیسرے جملے میں حروف جر کے بعد واقع ہو۔

حل: کلماتِ مبینہ کا جملوں میں استعمال

مَنْ: جَاءَنِيْ مَنْ ضَرَبَكَ، رَاَيْتُ مَنْ نَصَرَكَ مَرَرْتُ بِمَنْ بَكٰى

الَّذِيْ: ذَهَبَ الَّذِيْ قَطَعَكَ، ضَرَبْتُ الَّذِيْ جَرَحَ الْغَنَمَ، ذَهَبْتُ بِالَّذِيْ نَصَرَكَ

هٰذَا: هٰذَا رُمْحٌ، اِشْتَرَيْتُ هٰذَا الْكِتَابَ مِنَ السُّوْقِ، مَرَرْتُ بِهٰذَا الرَّجُلِ

هٰؤُلَاءِ: جَاءَنِيْ هٰؤُلَاءِ، رَاَيْتُ هٰؤُلَاءِ، مَرَرْتُ بِهٰؤُلَاءِ

التمرین ۳ (مشق نمبر۳)

(۱) اِيْتِ بِجُمْلَتَيْنِ فِيْ كُلٍّ مِنْهُمَا فِعْلٌ مَبْنِيٌّ عَلَى السُّكُوْنِ۔

دو جملے ایسے بنائے کہ ان میں سے ہر ایک مبنی علی السکون ہو۔

حل مبنی علی السکون کے دو جملے:

(۱) اِضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ (۲) فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ۔

مندرجہ بالا دونوں مثالوں میں اِضْرِبْ اور وَانْحر (جوکہ اِنْحَرْ تھا) دونوں امر کے صیغے ہیں اور دونوں مبنی علی السکون ہیں۔

(۲) اِیْتِ بِجُمْلَتَیْنِ فِی کُلٍّ مِّنْهُمَا فِعْلٌ مَبْنِیٌّ عَلَی الْفَتْحِ:

دو جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہرایک جملہ میں فعل مبنی برفتحہ ہو۔

حل فعل مبنی علی الفتح کے دو جملے:

(۱) ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا (۲) کَسَرَ النَّجَّارُ الْخَشَبَةَ

مندرجہ بالا دونوں جملوں ضَرَبَ اور کَسَرَ دونوں ماضی کے صیغے ہیں اور ماضی کے متعلق اصول ہے وہ مبنی برفتحہ ہے تو بس ضَرَبَ اور کَسَرَ بھی مبنی برفتحہ کی مثالیں ہیں۔

(۳) اِیْتِ بِجُمْلَتَیْنِ فِی کُلٍّ مِّنْهُمَا حَرْفٌ مَبْنِیٌّ عَلَی السُّکُوْنِ

دو ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہرایک جملہ میں حرف مبنی علی السکون ہو

حل حروف مبنی علی السکون پر مشتمل دو جملے:

(۱) اَلْکِتَابُ فِی الْحَقِیْبَةِ (۲) وَاٰمَنَهُمْ مِنْ خَوْفٍ

مندرجہ بالا دونوں جملوں کے اندر فِیْ اور مِنْ دونوں حروف ایسے جو کہ آخر میں ساکن ہیں اس وجہ سے ان کو مبنی علی السکون کہتے ہیں۔

(۴) اِیْتِ بِجُمْلَتَیْنِ فِی کُلٍّ مِنْهُمَا حَرْفٌ مَبْنِیٌّ عَلَی الْفَتْحِ

ایسے دو جملے بنائیے کہ ان میں ہرایک جملے میں ایسا حرف ہو جو کہ مبنی برفتحہ الفتحہ ہو۔

حل حرف مبنی علی الفتحہ پر مشتمل دو جملے:

(۱) ذَهَبْتُ اِلَی الْکُوْفَةِ (۲) وَاللّٰهِ لَاَضْرِبَنَّ زَیْدًا

(۳) زَیْدٌ عَلَی السَّطْحِ

مندرجہ بالا دونوں جملوں میں اِلٰی، وَاوْ اور عَلٰی دو ایسے حروف ہیں جن پر

فتحہ ہے اس وجہ سے ان کو مبنی برفتحہ کہتے ہیں۔

(۵) اِیْتِ بِجُمْلَتَیْنِ فِی کُلٍّ مِّنْھُمَا حَرْفٌ مَبْنِیٌ عَلَی الْکَسْرِ

دوایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک جملہ میں ایسا حرف جو کہ مبنی برکسر ہو۔

حل حروف مبنی علی الکسر پر مشتمل دو جملے:

(۱) ذَھَبْتُ بِزَیْدٍ (۲) اَلْمَالُ لِزَیْدٍ

مندرجہ بالا دونوں مثالوں میں ب اور لام ایسے حروف ہیں جن کے نیچے کسرہ ہے اس وجہ سے مبنی برکسر کہلاتے ہیں۔

○○○

اَنْوَاعُ الْاِعْرَابِ

(اعراب کی اقسام)

الْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	اَلطَّائِرُ يَحُوْمُ	پرندہ منڈلاتا ہے۔
(۲)	اَلْمَاءُ عَذْبٌ	پانی میٹھا ہے۔
(۳)	اَلْحِصَانُ جَامِحٌ	درختوں پر پتے لگتے ہیں۔
(۴)	رَاَيْتُ الطَّائِرَ يَحُوْمُ	میں نے پرندہ منڈلاتے ہوئے دیکھا۔
(۵)	شَرِبْتُ الْمَاءَ عَذْبًا	میں نے میٹھا پانی پیا۔
(۶)	ذَلَّلَ الْفَارِسُ الْحِصَانَ	سوار نے گھوڑے کو سدھایا۔
(۷)	نَظَرْتُ اِلَى الطَّائِرِ يَحُوْمُ	میں نے منڈلاتے ہوئے پرندے کی طرف دیکھا۔
(۸)	يَعِيْشُ السَّمَكُ فِي الْمَاءِ	مچھلی پانی میں زندگی گزارتی ہے۔
(۹)	نَزَلَ الْفَارِسُ عَنِ الْحِصَانِ	سوار گھوڑے سے اترا۔
(۱)	يُوْقِدُ عَلِيٌّ الْمِصْبَاحَ	علی چراغ روشن کرتا ہے۔
(۲)	تَزْحَفُ الْجُنُوْدُ	فوجیں آگے بڑھتی ہیں۔
(۳)	تُوْرِقُ الْاَشْجَارُ	درخت پتے دار بنتے ہیں۔
(۴)	لَنْ يُوْقِدَ عَلِيٌّ الْمِصْبَاحَ	علی ہرگز چراغ روشن نہیں کرے گا۔
(۵)	لَنْ تَزْحَفَ الْجُنُوْدُ	فوجیں ہرگز آگے نہیں بڑھیں گی۔
(۶)	لَنْ تُوْرِقَ الْاَشْجَارُ	درخت ہرگز پتے دار نہیں ہونگے۔
(۷)	لَمْ يُوْقِدْ عَلِيٌّ الْمِصْبَاحَ	علی نے چراغ روشن نہیں کیا۔
(۸)	لَمْ يَزْحَفْ جُنْدِيٌّ	سپاہی آگے نہ بڑھا۔
(۹)	لم تُوْرِقْ شَجَرَةٌ	درخت پتے دار نہ ہوا۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

الطَّائِرُ وَالْمَاءُ وَالْحِصَانُ فِي اَمْثِلَةِ الْاُوْلِ كُلُّهَا اَسْمَاءٌ وَهِيَ فِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْاُوْلٰى مِنْهُ مَرْفُوْعَةٌ لِاَنَّهَا مُبْتَدَاتٌ۔ وَالَّذِيْ يَدُلُّ عَلٰى رَفْعِهَا وُجُوْدُ الضَّمَّةِ فِي آخِرِ كُلٍّ مِنْهَا، وَفِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ مَنْصُوْبَةٌ لِاَنَّ كُلًّا مِنْهَا مَفْعُوْلٌ بِهٖ وَالَّذِيْ يَدُلُّ عَلٰى نَصْبِهَا وُجُوْدُ الْفَتْحَةِ فِي آخِرِ كُلٍّ مِنْهَا وَفِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الثَّالِثَةِ مَجْرُوْرَةٌ لِاَنَّ كُلًّا مِنْهَا مَسْبُوْقٌ بِحَرْفِ جَرٍّ يَدُلُّ عَلٰى جَرِّهَا وُجُوْدُ الْكَسْرَةِ فِي آخِرِ كُلٍّ مِنْهَا، وَبِهٰذَا نَرٰى هٰذِهِ الْاَسْمَاءَ قَدْ تَغَيَّرَتْ اَوَاخِرُهَا مِنَ الرَّفْعِ اِلَى النَّصْبِ ثُمَّ اِلَى الْجَزْمِ وَاِذًا فَلَا بُدَّ اَنْ تَكُوْنَ مُعْرَبَةً۔

الطائر، الماء اور الحصان پہلی قسم کی مثالوں میں تمام کے تمام اسماء ہیں اور وہ پہلی تین مثالوں میں مرفوع اس لئے ہیں کہ وہ مبتداء بن رہے ہیں اور وہ چیز جو کہ دلالت کرتی ہے ہر ایک کے آخر میں ضمہ کے پائے جانے پر اور تین مثالوں میں منصوب ہونے پر اس لئے کہ ہر ایک ان میں سے مفعول ہے اور وہ چیز جو کہ اس کے منصوب ہونے پر دلالت کرتی ہے ہر ایک کے آخر میں فتحہ کا پایا جانا ہے اور تیسری قسم میں تین مثالیں مجرور ہیں اس لئے کہ ان میں سے ہر ایک حرف جر کے بعد ہے اور وہ چیز جو کہ اس کے جر پر دلالت کرتی ہے وہ ہر ایک کے آخر میں کسر کا پایا جانا ہے۔ اسی وجہ سے ہم ان اسماء کو دیکھتے ہیں کہ ان کا آخر رفع سے نصب اور جزم کی طرف تبدیل ہو گیا ہے۔ اس وجہ سے ضروری ہے کہ وہ معرب ہوں۔

وَالْكَلِمَاتُ يُوْقِدُ وَتَزْحَفُ وَتُوْرِقُ فِي الْاَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الثَّانِيْ اَفْعَالٌ مُضَارِعَةٌ وَهِيَ فِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ لِاُوْلٰى مِنْ هٰذَا الْقِسْمِ مَرْفُوْعَةٌ لِخُلُوِّهَا مِنَ النَّوَاصِبِ وَالْجَوَازِمِ، وَالَّذِيْ يَدُلُّ عَلٰى رَفْعِهَا وُجُوْدُ الضَّمَّةِ فِي آخِرِ كُلٍّ مِنْهَا وَفِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الثَّانِيَةِ مِنْهُ مَنْصُوْبَةٌ

لِدُخُوْلِ "لَنْ" عَلَيْهَا وَالَّذِیْ یَدُلُّ عَلٰی نَصْبِهَا وَجُوْدُ الْفَتْحَةِ فِی آخِرِ كُلٍّ مِنْهَا، وَفِی الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْاَخِیْرَةِ مَجْزُوْمَةٌ لِدُخُوْلِ اَدَاةِ الْجَزْمِ عَلَیْهَا وَالَّذِیْ یَدُلُّ عَلٰی جَزْمِهَا وَجُوْدُ السُّكُوْنِ فِی اَوَاخِرِهَا۔ وَبِهٰذَا نَرٰی اَنَّ هٰذِهِ الْاَفْعَالَ قَدْ تَغَیَّرَتْ اَوَاخِرُهَا مِنَ الرَّفْعِ اِلَی النَّصْبِ ثُمَّ اِلَی الْجَزْمِ وَاِذًا لَابُدَّ اَنْ تَكُوْنَ مُعْرَبَةً۔

اور دوسری قسم میں موجود مثالوں میں یوقد، تزحف، اور تورق کے کلمات افعال مضارعہ ہیں اور پہلی تین مثالیں ہیں اسی قسم کی ہیں جو مرفوع ہیں عامل ناصب اور جوازم سے خالی ہونے کی وجہ سے اور وہ چیز جو کہ ان کے مرفوع ہونے پر دلالت کرتی ہے وہ ہر ایک کے آخر میں ضمہ کا پایا جانا ہے۔ دوسری تین مثالوں میں کلمات منصوب ہیں لن کے داخل ہونے کی وجہ سے اور وہ چیز جو کہ اس کے منصوب ہونے پر دلالت کرتی ہے وہ ہر ایک کے آخر میں فتحہ کا پایا جانا ہے اور آخری تین مثالوں میں کلمات مجزوم ہیں۔ ان پر حرف جزم داخل ہونے کی وجہ سے اور وہ چیز جو کہ ان کے مجزوم ہونے پر دلالت کرتی ہے ۔ ہر ایک کے آخر میں جزم کا پایا جانا ہے۔ اسی وجہ سے ہم ان افعال میں دیکھتے ہیں کہ ان کے آخر رفع سے نصب کی طرف اور پھر جزم کی طرف تبدیل ہو گئے اسی وجہ سے ضروری ہے کہ وہ معرب ہوں۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد)

(٣١) اَلْاَحْوَالُ الَّتِیْ تَعْتَرِیْ اَوَاخِرَ الْكَلِمَاتِ الْمُعْرَبَةِ اَرْبَعٌ وَهِیَ الرَّفْعُ وَالنَّصْبُ وَالْجَرُّ وَالْجَزْمُ وَتُسَمّٰی اَنْوَاعَ الْاِعْرَابِ

وہ احوال جو کہ کلمات کے آخر کو معرب ہونے کے اعتبار سے لاحق ہوتے ہیں وہ چار ہیں۔ وہ رفع اور نصب، جر اور جزم ہے یہ اعراب کی قسمیں کہلاتی ہیں۔

(٣٢) عَلَامَاتُ الْاِعْرَابِ الْاَصْلِیَّةِ اَرْبَعٌ وَهِیَ الضَّمَّةُ وَالْفَتْحَةُ وَالْكَسْرَةُ وَالسُّكُوْنُ۔ وَیَنُوْبُ عَنْهَا عَلَامَاتٌ اُخْرٰی تُذْكَرُ فِیْ مَوَاضِعِهَا

اعراب کی اصل علامات چار ہیں۔ ضمہ، فتحہ، کسرہ اور سکون اور ان کی قائم مقام دوسری علامات ان کا ذکر دوسری جگہ میں ہوگا۔

(۳۳) اَلرَّفْعُ وَالنَّصْبُ یَشْتَرِکَانِ فِی الْاَسْمَاءِ وَالْاَفْعَالِ وَالْجَرِّ یَخْتَصُّ بِالْاَسْمَاءِ، کَمَا یَخْتَصُّ الْجَزْمُ بِالْاَفْعَالِ۔

رفع، نصب اسما اور افعال دونوں میں مشترک ہوتے ہیں جبکہ جر اسماء کے ساتھ خاص ہے جیسے کہ جزم افعال کے ساتھ خاص ہے۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ۱ (مشق نمبر۱)

عَیِّنِ الْکَلِمَاتِ الْمُعْرَبَۃَ فِی الْعِبَارَتَیْنِ الْاٰتِیَتَیْنِ وَاشْکِلْ آخِرَ کُلٍّ مِنْهَا۔

آنے والی دونوں عبارتوں میں معرب کلمات کی تعیین کریں اور ان کے آخر میں اعراب دیں۔

(۱) عَلَی الْاِنْسَانِ اَنْ یُرَاعِیَ فِی الْمَلَابِسِ فُصُوْلَ السَنَۃِ، فَیُحْسِنَ بِهٖ اَنْ یَلْبِسَ الْقُطْنَ فِی الصَّیْفِ، وَالصُّوْفَ فِی الشِّتَآءِ

(۲) اِنَّ الْمَزَاحَ یَجْلِبُ الْبُغْضَاءَ وَیَقْطَعُ الْاِخَاءَ، فَابْتَعِدْ عَنْهُ اِلَّا اِذَا کَانَ یَسِیْرًا، فَاِنَّهٗ یُرِیْحُ الْعَقْلَ وَیَکْسِبُهٗ نِشَاطًا

حل: کلماتِ معربہ کی تعیین:

(۱) اَلْاِنْسَانُ، یُرَاعِیْ، اَلْمَلَابِسُ، فُصُوْلُ السَنَۃِ، یُحْسِنُ، یَلْبِسُ، اَلْقُطْنَ، الصَّیْفَ، اَلصُّوْفَ، الشِّتَآءَ۔

(۲) اَلْمَزَاحُ، یَجْلِبُ، اَلْبُغْضَآءُ یَقْطَعُ الْاِخَاءِ، یُرِیحَ، الْعَقْلَ، یَکْسِبُهٗ، نِشَاطًا

التمرین ۲ (مشق نمبر۲)

(۱) کَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِی کُلٍّ مِنْهَا اِسْمٌ مُعْرَبٌ مَرْفُوْعٌ عَلٰی اَنَّهٗ فَاعِلٌ

اپنی طرف سے تین جملے ایسے بنائیے کہ ان میں ہر ایک اسم معرب فاعل ہونے کی بناء پر مرفوع ہو۔

حل: اسم معرب فاعل کے تین جملے:

(۱) اَغْلَقَ حَامِدٌ الْبَابَ الْكَبِيْرَ (۲) كَتَبَ حَمِيْدٌ رِسَالَةً اِلٰى اَبِيْهِ

(۳) هَلْ فَهِمَ زَيْدٌ كَلَامِيْ

(۲) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِيْ كُلٍّ مِنْهَا اِسْمٌ مُعْرَبٌ مَرْفُوْعٌ عَلٰى اَنَّهُ مُبْتَدَاءٌ

اپنی طرف سے تین ایسے جملے بنائیے کہ ہر ایک میں اسم معرب مرفوع متبدا بن رہا ہو۔

حل: اسم معرب مبتداء کے تین جملے:

(۱) اَلْمِعْمَارُ يَبْنِيْ الْعِمَارَةَ (۲) اَلْاَنْبِيَاءُ صَادِقُوْنَ

(۳) اَلْحِصَانُ حَيْوَانٌ

(۳) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِيْ كُلٍّ مِنْهَا اِسْمٌ مُعْرَبٌ مَرْفُوْعٌ عَلٰى اَنَّهُ اِسْمٌ لِكَانَ

اپنی طرف سے تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک اسم معرب مرفوع ہو اس شرط پر کہ وہ کان کا اسم ہو۔

حل: اسم معرب اسم کان کے تین جملے:

(۱) كَانَ الرَّجُلُ صَالِحًا (۲) كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا

(۳) كَانَ الطِّفْلُ خَائِفًا

(۴) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِيْ كُلٍّ مِنْهَا اِسْمٌ مُعْرَبٌ مَرْفُوْعٌ عَلٰى اَنَّهُ خَبَرٌ لِاَنَّ

تین ایسے جملے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک جملے ایسا اسم معرب ہو کہ وہ ان کی خبر بن رہا ہو۔

حل اسم معرب مرفوع انّ کی خبر کے تین جملے:

(۱) اَنَّ زَيْدًا غَنِيٌّ (۲) اِنَّ الْحَرَّ شَدِيْدٌ

(۳) اِنَّ الشَّمْسَ طَالِعَةٌ

التمرین ۳ (مشق نمبر۳)

(۱) اِیْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِی کُلٍّ مِنْهَا اسْمٌ مُعْرَبٌ مَنْصُوْبٌ عَلٰی اَنَّهٗ مَفْعُوْلٌ بِهٖ

تین جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک میں اسم معرب منصوب ہو اس بناء پر کہ وہ مفعول بہ ہے۔

حل: اسم معرب منصوب مفعول بہ کے تین جملے:

(۱) خَلَقَ اللّٰهُ الْمَوْتَ وَالْحَیَاةَ (۲) ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا

(۳) یَعْبُدُ الْمُسْلِمُ خَالِقَهٗ

(۲) اِیْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِی کُلٍّ مِنْهَا اسْمٌ مُعْرَبٌ مَنْصُوْبٌ عَلٰی اَنَّهٗ خَبَرٌ لِاَصْبَحَ

تین جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک میں اسم معرب منصوب ہو اس بناء پر کہ وہ اَصْبَحَ کی خبر ہو۔

حل اسم معرب منصوب مفعول بہ کے تین جملے:

(۱) اَصْبَحَ زَیْدٌ غَنِیًّا (۲) اَصْبَحَ الطِّفْلُ بَاکِیًا

(۳) اَصْبَحَ مَحْمُوْدٌ مَغْمُوْمًا

(۳) اِیْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِی کُلٍّ مِنْهَا اسْمٌ مُعْرَبٌ مَنْصُوْبٌ عَلٰی اَنَّهٗ اِسْمٌ لِاَنَّ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک میں اسم معرب منصوب ہو اس بناء پر کہ وہ ان کا اسم ہے۔

حل: اسم معرب منصوب اسم اِنَّ کے تین جملے:

(۱) اِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ ۔ (۲) اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ

(۳) اِنَّ الشَّیْطَانَ لَعِیْنٌ۔

(۴) اِیْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِی کُلٍّ مِنْهَا اِسْمٌ مَجْرُوْرٌ بِحَرْفِ جَرٍّ

تین ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک کے اندر ایسا اسم ہو جو کہ حرف جر کی وجہ سے

مجرور ہو۔

حل اسم مجرور بحرف جر کے تین جملے:

(۱) نَامَ زَيْدٌ عَلَى السَّرِيْرِ

(۲) ضَرَبَ الْأُسْتَاذُ تِلْمِيْذًا بِالْخَشَبَةِ

(۳) نَزَلَ حَمِيْدٌ عَنِ الْحِصَانِ

التمرين ۴ (مشق نمبر ۴)

ضَعْ كُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْأَسْمَاءِ الْآتِيَةِ فِي جُمَلٍ ثَلَاثٍ، بِحَيْثُ يَكُوْنُ مَرَّةً مَرْفُوْعًا، مَرَّةً مَنْصُوْبًا وَمَرَّةً مَجْرُوْرًا۔ اَلْقِطَارُ، اَلْجَمَلُ، اَلْكِتَابُ، التُّفَاحُ، بَابٌ، مِفْتَاحٌ

آنے والے اسماء میں سے ہر اسم کو تین جملوں میں اس طرح رکھیں کہ ایک دفعہ مرفوع ہو ایک دفعہ منصوب اور ایک دفعہ مجرور ہو۔

حل دیئے گئے اسماء کا تین طرح سے استعمال باعتبار اعراب کے

(۱) جَاءَ الْقِطَارُ، رَأَيْتُ الْقِطَارَ، مَرَرْتُ بِالْقِطَارِ

(۲) فَرَّ الْجَمَلُ عَنْ صَاحِبِهِ، ضَرَبَ خَالِدٌ نِ الْجَمَلَ، نَزَلْتُ عَنِ الْجَمَلِ

(۳) ذَالِكَ الْكِتَابُ لَارَيْبَ فِيْهِ۔ اِشْتَرَيْتُ الْكِتَابَ مِنَ السُّوْقِ لَا تَكْتُبْ عَلَى الْكِتَابِ

(۴) هٰذَا التُّفَّاحُ۔ قَطَعْتُ التُّفَّاحَ۔ اَلطِّفْلُ يَلْعَبُ بِالتُّفَّاحِ

(۵) هٰذَا بَابٌ۔ اَغْلَقْتُ الْبَابَ۔ مَرَرْتُ مِنَ الْبَابِ۔

(۶) اَلْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ۔ اَدْخَلْتُ الْمِفْتَاحَ فِي الْقُفْلِ۔ اِشْتَرَيْتُ الْقُفْلَ بِالْمِفْتَاحِ

التمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

(۱) ضَعْ كُلَّ فِعْلٍ مِنَ الْأَفْعَالِ الْآتِيَةِ فِي جُمَلِ الثَّلَاثِ، بِحَيْثُ يَكُوْنُ مَرَّةً

مَرْفُوْعًا، ومَرَّةً، مَنْصُوْبًا، وَمَرَّةً مَجْزُوْمًا۔ يَكْتُبُ، يَفْتَحُ، يَتَطُفُ.
يَشْتَغِلُ، يَسْتَخْرِجُ، يَتَعَلَّمُ

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کو تین جملوں میں اس طرح سے رکھیں کہ ایک دفعہ مرفوع ایک دفعہ منصوب اور ایک دفعہ مجزوم ہو۔

حل دیئے گئے افعال کا باعتبار اعراب تین طرح سے استعمال:

یکتب (۱) يَكْتُبُ الْأُسْتَاذُ عَلَى السَّبُّوْرَةِ
(۲) لَنْ يَكْتُبَ الطَّالِبُ عَلَى الْمِنْضَدَةِ
(۳) لَمْ يَكْتُبْ زَيْدٌ عَلَى الْجِدَارِ

یفتح (۱) يَفْتَحُ الرَّجُلُ بَابَ غُرْفَتِهٖ
(۲) لَنْ يَفْتَحَ الْخَادِمُ الْبَابَ لِعَدُوِّهٖ
(۳) لَمْ يَفْتَحِ الرَّجُلُ النَّافِذَةَ

ینظف (۱) يُنَظِّفُ الغُلَامُ الغُرْفَةَ
(۲) لَنْ يُنَظِّفَ الْوَلَدُ حُجْرَتَهٗ
(۳) لَمْ يُنَظِّفْ الطَّالِبُ مَكَانَهٗ

یشتغل (۱) يَشْتَغِلُ الطُّلَّابُ فِي حُصُولِ التَّعْلِيمِ
(۲) لَنْ يَشْتَغِلَ الْوَلَدُ العَاقِلُ فِي اللَّعِبِ
(۳) لَاتَشْتَغِلْ فِي اللَّعِبِ

یستخرج: يَسْتَخْرِجُ الصَّيَّادُ مِنَ الْقَفَصِ۔
لَنْ يَسْتَخْرِجَ الْمُشْرِكُ مِنَ الْمَعْصِيَةِ۔
لَمْ يَسْتَخْرِجْ زَيْدٌ مِنَ البَيْتِ الْآنَ۔

یتعلم: يَتَعَلَّمُ الطَّالِبُ فِي الْمَسْجِدِ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ
وجَبَ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ اَنْ يَتَعَلَّمَ الْقُرْآنَ
مَاتَ الشَّيْخُ الْفَانِي ولَمْ يَتَعَلَّمْ

التمرین ٦ (مشق نمبر ٦)

بَيِّنْ فِي الْعِبَارَةِ الْآتِيَةِ الْكَلِمَاتِ الْمُعْرَبَةَ الَّتِي لَايَدْ خُلُهَا الْجَزْمُ، وَالَّتِي لَايَدْ خُلُهَا الْجَرُّ

آنے والی عبارت میں ان معرب کلمات کو بیان کریں کہ جن پر جزم داخل نہیں اور ان کلمات کو بیان کریں جن پر جر داخل نہیں ہوتا۔

يَجِبُ عَلَى الْإِنْسَانِ اَنْ يَبْذُلَ كُلَّ جُهْدٍ فِي اِعْلَاءِ شَانِ وَطَنِهِ، وَاَنْ يَعْمَلَ عَلٰى مَايَجْلِبُ السَّعَادَةَ لِسَاكِنِيْهِ، وَلَنْ يَتِمَّ لَهُ، ذَالِكَ اِلَّا بِاَنْ يُقَدِّمَ الْمَنْفِعَةَ الْعَامَّةَ عَلَى الْخَاصَّةِ۔

حل:

وہ کلمات کہ جن پر جزم نہیں آتا درج ذیل ہیں۔

اَلْإِنْسَانُ، كُلُّ، جُهْدٍ، اِعْلَاءٍ، شَانٍ، وَطَنِهٖ، السَّعَادَةَ، سَاكِنِيْهِ، ذَالِكَ الْمَنْفِعَةَ، اَلْعَامَّةُ، اَلْخَاصَّةُ۔

وہ کلمات کہ جن پر جر نہیں آتا درج ذیل ہیں۔

يَجِبُ، يَبْذُلُ، يَعْمَلُ، يَجْلِبُ، يَتِمُّ، يُقَدِّمُ۔

التمرین فی الانشاء ٧ (انشاء کی مشق)

اُذْكُرْ خَمْسَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا عَلٰى فَائِدَةٍ مِنْ فَوَائِدِ نَهْرِ النِّيْلِ ثُمَّ بَيِّنْ مَافِي الْجُمْلَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْمُعْرَبَةِ وَعَلَامَاتِ اِعْرَابِهَا۔

ایسے پانچ جملے ذکر کریں (لکھیں) کہ ہر ایک میں دریائے نیل کا کوئی نہ کوئی فائدہ بیان کیا گیا ہو۔ پھر یہ بھی بیان کریں کہ آپ کے بتائے ہوئے پہلے دو حصوں میں معرب کلمات کون کون سے ہیں اور ان کی اعرابی علامات کیا ہیں۔

حل: دریائے نیل کے فوائد پر پانچ جملے:

(۱) نَهْرُ النِّيْلِ نَهْرٌ طَوِيْلٌ وَعَمِيْقٌ۔

(۲) لَاتَنْقَطِعُ مَاءُ نَهْرِ النِّيْلِ۔

(۳) يُخْرَجُ الْاَنْهَارُ الصَّغِيْرَةُ مِن نَهْرِ النِّيْلِ اِلَى الْبِلَادِ الْبَعِيْدَةِ۔

(۴) اَغْرَقَ اللّٰهُ فِي نَهْرِ النِّيْلِ فِرْعَوْنَ مَعَ قَوْمِهٖ۔

(۵) مَاءُ نَهْرِ النِّيْلِ صَافٍ جِدًا

پہلے دو جملوں میں آنے والے معرب کلمات:

نَهْرُ النِّيْلَ، نَهْرٌ طَوِيْلٌ، عَمِيْقٌ، مصر، ماء، لَايَنْقَطِعُ

اعراب کی حالت:

نَهْرٌ:	مرفوع بالضمہ	لَاتَنْقَطِعُ:	مرفوع بالضمہ بوجہ خالی ہونے جوازم ونواصب کے
اَلنِّيْلِ:	مجرور بالاضافت		
نَهْرٌ:	مرفوع بالضمہ	مَاءُ:	مرفوع بالضمہ
طَوِيْلٌ:	مرفوع بوجہ صفت نہر	نَهْرِ:	مجرور بالاضافت
عَمِيْقٌ:	مرفوع بوجہ عطف	الفِيْلِ:	مجرور بالاضافت

التمرين في الاعراب ۸ (اعراب کے بارے میں مشق)

الف: نموذج: نمونہ

يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي الصَّيْفِ — گرمیوں میں گرمی سخت ہوگی۔

يَشْتَدُّ: فعل مضارع مرفوع بالضمه فعل مضارع مرفوع بالضمہ ہے

اَلْحَرُّ: فاعل مرفوع بالضمه فاعل مرفوع بالضمہ ہے

في: حرف مبنى على السكون حرف مبنی علی السکون ہے۔

اَلصَّيْفُ مَجْرُوْرٌ بِفِي وَ عَلَامَةُ جَرِّهِ الْكَسْرَةُ:

الصیف فی کی وجہ سے مجرور ہے اور اس کے جر کی علامت کسرہ ہے۔

(ب) اَعْرِبْ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ

آنے والے جملوں کا اعراب بتائیں۔

(۱)	لَمْ يُدْرِكْ عَلِيٌّ الْقِطَارَ	علی ریل گاڑی نہ پاسکا۔
(۲)	حَضَرَ الطَّبِيْبُ الْمَنْزِلَ	ڈاکٹر گھر پر حاضر ہوا
(۳)	اَلنَّارُ مُشْتَعِلَةٌ فِي الْحَطَبِ	آگ لکڑیوں میں لگی ہوئی ہے۔

کلمات پر اعراب:

(۱)	لَمْ يُدْرِكْ:	فعل مضارع مجزوم بوجہ حرف دخول جازم
	عَلِيٌّ:	مرفوع بالضمہ بوجہ فاعل ہونے کے
	اَلْقِطَارَ:	منصوب بالفتحہ بوجہ مفعول بہ ہونے کے
	اَلنَّارُ:	مرفوع بالضمہ بوجہ مبتداء ہونے کے
(۲)	حَضَرَ:	مبنی برفتحہ بوجہ ماضی ہونے کے
	اَلطَّبِيْبُ:	مرفوع بالضمہ بوجہ فاعل ہونے کے
	اَلْمَنْزِلِ:	مجرور بالکسر بوجہ دخول حرف جر کے
	اَلْحَطَبِ:	مجرور بالکسر بوجہ حرف جر کے

○○○

اِحْوَالُ بِنَاءِ الْفِعْلِ الْمَاضِی

فعل ماضی کے مبنی ہونے کے احوال

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱)	اِشْتَدَّ الْبَرْدُ	سردی بڑھ گئی۔
(۲)	ثَارَ الْغُبَارُ	غبار اڑا۔
(۳)	نَزَلَ الْمَطَرُ	بارش برسی۔
(۴)	اَلْاَوْلَادُ لَعِبُوْا	لڑکے کھیلے۔
(۵)	اَلرِّجَالُ سَافَرُوْا	آدمیوں نے سفر کیا۔
(۶)	اَلْعُمَّالُ تَعِبُوْا	مزدور تھک گئے۔
(۷)	فَتَحْتُ الْبَابَ	میں نے دروازہ کھولا۔
(۸)	تَلَقَّفْتُ الْكُرَةَ	میں نے گیند کو اچک لیا۔
(۹)	اَخَذْتُ جَائِزَةً	میں نے انعام حاصل کیا۔
(۱۰)	صَدَقْتَ فِی قَوْلِكَ	تو نے سچ کہا۔
(۱۱)	عَدَلْتَ فِیْ حُكْمِكَ	تو نے انصاف والا حکم دیا۔
(۱۲)	اَحْسَنْتَ اِلَى النَّاسِ	تو نے لوگوں سے بھلائی کی۔
(۱۳)	اَلْبَنَاتُ تَعَلَّمْنَ الْحِيَاكَةَ	بچیوں نے بننا سیکھا۔
(۱۴)	اَلْاُمَّهَاتُ اَطْعَمْنَ اَوْلَادَهُنَّ	ماؤں نے اپنی اولاد کو کھانا کھلایا۔
(۱۵)	اَلْفَتَيَاتُ رَتَّبْنَ الْمَائِدَةَ	جوان لڑکیوں نے دستر خوان ترتیب دیا۔
(۱۶)	خَرَجْنَا اِلَى الْحُقُوْلِ	ہم کھیتوں کی طرف نکلے۔
(۱۷)	اِسْتَنْشَقْنَا الْهَوَاءَ النَّقِیَّ	ہم نے صاف ہوا سونگھی۔
(۱۸)	قَطَفْنَا الْاَزْهَارَ	ہم نے پھول توڑے۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اِذَا نَظَرْنَا فِی الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ، رَأَيْنَا اَنَّ كُلَّ مِثَالٍ فِيْهَا يَشْتَمِلُ عَلٰى فِعْلٍ مَاضٍ، وَقَدْ عَرَفْنَا فِي دَرْسٍ سَابِقٍ اَنَّ الْاَفْعَالَ الْمَاضِيَةَ كُلَّهَا مَبْنِيَّةٌ، فَالْاَفْعَالُ الَّتِيْ فِيْ هٰذِهِ الْاَمْثِلَةِ اِذًا تَكُوْنُ مَبْنِيَّةً، وَنُرِيْدُ اَنْ نَعْرِفَ فِيْ هٰذَا الدَّرْسِ اَحْوَالَ بِنَاءِ هَا۔

جب ہم دی گئی مثالوں میں غور کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ ان میں سے ہر مثال فعل ماضی پر مشتمل ہے اور ہم یہ بات پوری طرح جان چکے گزشتہ سبق میں کہ افعال ماضیہ سارے کے سارے مبنی ہیں، پس وہ افعال جو کہ ان مثالوں میں ہیں وہ بھی مبنی ہیں۔ اس سبق میں ہم مبنی کے احوال معلوم کرنا چاہتے ہیں۔

لِاَجْلِ ذٰلِكَ نَتَاَمَّلُ الْاَمْثِلَةَ الثَّلَاثَةَ الْاُوْلٰى، فَنَرَى الْاَفْعَالَ الْمَاضِيَةَ فِيْهَا۔ وَهِيَ اِشْتَدَّ وَثَارَ و نَزَلَ لَمْ يَتَّصِلْ بِآخِرِهَا شَيْءٌ وَنَرٰى اَنَّ آخِرَهَا مَفْتُوْحٌ، وَلَوْ تَتَبَّعْنَا الْفِعْلَ الْمَاضِيَ الَّذِيْ لَمْ يَتَّصِلْ بِآخِرِهٖ شَيْءٌ فِيْ اَيِّ تَرْكِيْبٍ رَأَيْنَا آخِرَهٗ مَفْتُوْحًا، وَبِذٰلِكَ نَسْتَطِيْعُ اَنْ نَقُوْلَ اِنَّ الْمَاضِيَ يُبْنٰى عَلَى الْفَتْحِ فِيْ هٰذِهِ الْحَالِ۔

اسی وجہ سے ہم پہلی تین مثالوں میں غور کرتے ہیں پس ہم ان میں تمام افعال ماضی دیکھتے ہیں اور وہ اشتد، ثار اور نزل ہیں ان کے آخر میں کوئی چیز نہیں ملی ہوئی اور ہم ان کے آخر کو مفتوح دیکھتے ہیں اور اگر ہم فعل ماضی کے افعال میں غور کریں وہ جن کے آخر میں کوئی چیز کسی ترکیب میں نہیں ملی ہوئی تو ہم اس کو مفتوح پاتے ہیں اس لیے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ فعل ماضی اس حال میں مبنی بر فتحہ ہوتا ہے۔

وَاِذَا تَاَمَّلْنَا الْاَمْثِلَةَ الثَّلَاثَةَ الثَّانِيَةَ رَأَيْنَا اَنَّ الْاَفْعَالَ لَعِبَ، سَافَرَ، تَعِبَ قَدِ اتَّصَلَ آخِرُ كُلٍّ مِنْهَا بِوَاوٍ تَدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْفِعْلَ صَدَرَ مِنْ جَمَاعَةِ الذُّكُوْرِ، وَرَاَيْنَا ذٰلِكَ الْآخِرَ مَضْمُوْمًا وَلَوْ اَنَّنَا تَتَبَّعْنَا كُلَّ فِعْلٍ مَاضٍ

اِتَّصَلَتْ بِهٖ وَاوُ الْجَمَاعَةِ لَوَجَدْنَاهُ مَضْمُوْمًا۔ وَمِنْ ذَالِكَ نَعْلَمُ اَنَّ الْمَاضِيَ يُبْنٰى عَلَى الضَمِّ اِذَا جَاءَ هٰذِهِ الصُّوْرَةُ۔

جب ہم دوسری تین مثالوں میں غور کرتے ہیں تو یہ بات دیکھتے ہیں لعب، سافر، تعب ایسے افعال ہیں کہ ان کے آخر میں واو متصل ہے جو کہ اس بات پر دلالت کرتی ہے فعل مذکر کی جماعت سے صادر ہوا ہے اور ہم اس کا آخر بھی مضموم دیکھتے ہیں اور اگر ہم ہر ایسے فعل ماضی میں غور کریں کہ اس کے آخر میں واو جمع کی متصل ہو تو ہم اس کو مضموم پاتے ہیں اسی وجہ سے ہم نے یہ بات جان لی کہ جب ایسی صورت آجائے تو اس وقت ماضی مبنی بر ضم ہوتا ہے۔

وَحِيْنَ نَنْظُرُ اِلَى الْاَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ فِي بَقِيَّةِ الْاَمْثِلَةِ۔ نَرٰى انها اتَّصَلَتْ مَرَّةً بِتَاءٍ مُتَحَرِّكَةٍ وَمَرَّةً بِنُوْنٍ تَدُلُّ عَلٰى جَمَاعَةِ الْاُنَاثِ، وَتُسَمّٰى "نُوْنُ النِّسْوَةِ" وَاُخْرٰى بِكَلِمَةِ "نَا" اَلدَّالَّةُ عَلَى الْفَاعِلِ، وَنَرٰى آخِرُ كُلِّ فِعْلٍ مِنْهَا سَاكِنًا وَلَوْاَنَّنَا تَتَبَّعْنَا جَمِيْعَ الْاَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ الَّتِيْ اِتَّصَلَتْ اَوَاخِرُهَا بِالتَّاءِ الْمُتَحَرِّكَةِ اَوْنُوْنِ النِّسْوَةِ او "ناء" اَلدَّالَّةُ عَلَى الْفَاعِلِ۔ لَوَجَدْنَا اَوَاخِرَهَا سَاكِنَةً وَمِنْ ذَالِكَ نَعْلَمُ اَنَّ الْمَاضِي يُبْنٰى عَلَى السُّكُوْنِ فِي هٰذِهِ الْحَالَاتِ۔

اور جس وقت ہم غور کرتے ہیں باقی مثالوں (فعل ماضی کے افعال میں غور کرتے ہیں) تو ہم دیکھتے وہ افعال کے ساتھ کہیں تو تائے متحرکہ ملی ہوتی ہے اور کہیں نون جو کہ مؤنث کی جماعت پر دلالت کرتی ہے تو اس نون کو نون نسوۃ کہا جاتا ہے اور دوسری نا کے کلمہ کے ساتھ فاعل پر دلالت کرتی ہے اور ان میں سے ہر فعل کو ساکن دیکھتے ہیں اور اگر ہم فعل ماضی کے تمام افعال میں غور کریں کہ جن کے آخر میں تائے متحرکہ یا نون نسوہ یا نا متصل ہے جو کہ فاعل ہونے پر دلالت کرتی ہے تو البتہ ہم اس کے آخر کو ساکن پاتے ہیں اسی وجہ سے ہم یہ بات جان چکے ہیں کہ ماضی ان حالات میں مبنی علی السکون ہوتا ہے

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۳۴) اَلْفِعْلُ الْمَاضِیُ یُبْنٰی عَلَی الْفَتْحِ اِلَّا اِذَا اتَّصَلَتْ بِہٖ وَاوُ الْجَمَاعَةِ فَیُبْنٰی عَلَی الضَّمِّ اَوِ اتَّصَلَتْ بِہٖ التَّاءُ الْمُتَحَرِّكَةُ اَوْنُوْنُ النِّسْوَةِ اَوْ "نَا" اَلدَّالَّةُ عَلَی الْفَاعِلِ فَیُبْنٰی عَلَی السُّكُوْنِ۔

فعل ماضی مبنی برفتحہ ہوتا ہے مگر یہ کہ جب اس کے ساتھ واؤ جمع کی متصل ہو تو اس وقت مبنی برضمہ ہوتا ہے یا اس کے ساتھ تاء متحرکہ ملی ہو یا نسوۃ یا "نا" کلمہ ملا ہوا ہو جو کہ فاعل پر دلالت کرے تو اس وقت ماضی مبنی علی پر سکون ہوتا ہے۔

تمرينات (مشقیں)

التمرين ۱ (مشق نمبر ۱)

عَیِّنْ فِی الْعِبَارَةِ الْاٰتِیَةِ الْاَفْعَالَ الْمَاضِیَةَ الْمَبْنِیَّةَ عَلَی الْفَتْحِ، وَالْمَبْنِیَّةَ عَلَی الضَّمِّ، وَالْمَبْنِیَّةَ عَلَی السُّكُوْنِ وَبَیِّنِ السَّبَبَ فِی ذٰلِكَ۔

آنے والی عبارت میں سے افعال ماضی میں سے ماضی مبنی برفتحہ مبنی برضم اور مبنی برسکون کی تعیین کرو اور اس کا سبب بیان کرو۔

خَرَجْتُ مِنَ الْمَنْزِلِ عَصْرًا، فَصَادَفَنِی فِی الطَّرِیْقِ ثَلَاثَةُ غِلْمَانٍ عَرَفْتُهُمْ وَعَرَفُوْنِیْ فَاقْتَرَحْتُ عَلَیْهِمْ اَنْ نَزُوْرَ حَدِیْقَةَ الْحَیَوَانِ، فَقَبِلُوْا الْفِكْرَةَ وَفَرِحُوْا بِهَا، ثُمَّ سِرْنَا جَمِیْعًا اِلَیْهَا فَدَخَلْنَاهَا وَشَاهَدْنَا مَافِیْهَا مِنْ اَنْوَاعِ الطَّیْرِ وَصُنُوْفِ الْحَیَوَانِ، وَبَعْدَ سَاعَتَیْنِ قَضَیْنَا هُمَا هُنَالِكَ، عَادَ كُلٌّ مِنَّا اِلٰی اَهْلِهٖ مَمْلُوْءً بِالنَّشَاطِ وَالسُّرُوْرِ۔

حل: تعیین افعال ماضیہ باعتبار بناء اور سبب

(۱) صَادَفَنِی (۲) عَادَ دونوں فعل مبنی برفتحہ ہیں اور سبب یہ ہے کہ ان پر کوئی حرف زائد نہیں آیا۔ خَرَجْتُ، عَرَفْتُهُمْ، اِقْتَرَحْتُ سب فعل برسکون ہیں۔ اور اتصال تائے متحرکہ کی وجہ سے ہے۔ سِرْنَا، دَخَلْنَا، قَضَیْنَا، اتصال "نا" کی علامت

فاعل کی وجہ سے ہے۔ سب مبنی برسکون ہیں۔

التمرین ۲ (مشق نمبر۲)

ضَعْ كُلَّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ بِحَيْثُ يَكُوْنُ مَرَّةً مَبْنِيًّا عَلَى الْفَتْحِ وَمَرَّةً مَبْنِيًّا عَلَى الضَّمِ وَمَرَّةً مَبْنِيًّا عَلَى السُّكُوْنِ، سَبَحَ، غَرِقَ، اِسْتَفْهَمَ، اِجْتَمَعَ، اِنْخَدَعَ۔

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کو جملہ مفیدہ میں اس طرح رکھیں کہ ایک دفعہ مبنی برفتحہ ہو پھر مبنی برضم اور پھر مبنی برسکون ہو۔

حل دیئے گئے افعال کا جملہ مفیدہ میں باعتبار بناء کے استعمال

افعال مبنی برفتحہ	افعال مبنی برضم	افعال مبنی برسکون
سَبَحَ زَيْدٌ فِي النَّهْرِ	اِنَّ النَّاسَ سَبَحُوْا فِي الْبَحْرِ	سَبَحْنَا فِي الْحَوْضِ
